## سوال

(340) دو آدمی جماعت کے ساتھ نماز ادا کریں تو امام کا ساتھ والے سے ایک قدم آگے کھڑا ہونا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دو آدمی جماعت کے ساتھ نماز ادا کریں تو کیا امام ساتھ والے سے ایک قدم آگے کھڑا ہو یا کہ بالکل برابر ٹخنے کے ساتھ ٹخنہ ملا کر کھڑا ہو؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس حالت میں مقتدی اور امام دونوں ٹخنے ملا کر برابر کھڑے ہوں۔ تقدیم وتاخیر کا کوئی ثبوت نہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی ''صحیح'' میں ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت 'بِتُّ فِی بَیتِ خَالَتِی مَیمُونَة' پر یوں تبویب قائم کی ہے: 'بَابُ یَقُومُ عَن یَمِینِ الاِمَامِ بِحِذَائِہِ سَوَاءً اِذَا کَانَا اثنَینِ'

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی**

**کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 315**

**محدث فتویٰ**